☆

| Roll No.______________ اُمیدوار خود پُر کرے | (For all sessions) | Paper Code | 6 | 0 | 2 | 2 |
|---|---|---|---|---|---|---|

# اُردُو لازمی (معروضی) گروپ-II

وقت: 30 منٹ — نمبر: 20

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B،C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1-1. اس دنیا کی بنیاد ہے۔
(A) اختلافِ عمل پر (B) ذاتی عمل پر (C) تعاون عمل پر (D) اجتماعی عمل پر

2. ایک شخص میں اپنی مدد کرنے کا جوش اس کی سچی
(A) تنزلی کی بنیاد ہے (B) شہرت کی بنیاد ہے (C) عزت کی بنیاد ہے (D) ترقی کی بنیاد ہے

3. قمر صاحب کے پاس روپے کہاں سے آنے والے تھے؟
(A) اخباروں سے (B) دکان داروں سے (C) رئیسوں سے (D) شاعروں سے

4. علامہ اقبالؒ کیسا درد محسوس کرتے تھے؟
(A) سر کا درد (B) پیٹ کا درد (C) پاؤں کا درد (D) پسلی کا درد

5. ''کیا واقعی دنیا گول ہے؟'' کے مصنف کا نام ہے۔
(A) پطرس بخاری (B) ابن انشاء (C) مشتاق احمد یوسفی (D) کرنل محمد خان

6. ارکانِ تشبیہ کتنے ہیں؟
(A) دو (B) چار (C) تین (D) پانچ

7. دُلہن چاند کی طرح خوبصورت ہے۔اس جملے میں چاند کیا ہے؟
(A) مشبہ (B) مشبہ بہ (C) حرفِ تشبیہ (D) غرضِ تشبیہ

8. آرہی ہے چاہِ یوسف سے صدا دوست یاں تھوڑے ہیں اور بھائی بہت اس شعر میں تلمیح ہے۔
(A) دوست (B) بھائی (C) چاہِ یوسف (D) صدا

9. لفظ استعارہ کا لغوی معنی ہے۔
(A) ادھار لینا (B) مراد لینا (C) قرار دینا (D) نکال دینا

10. تلمیح کس زبان کا لفظ ہے؟
(A) اردو (B) فارسی (C) عربی (D) ہندی

11. مطلع کے لغوی معانی ہیں۔
(A) آغاز (B) ابتدا (C) طلوع ہونے کی جگہ (D) نکلنے کا مقام

12. کچھ غلط بھی تو نہیں تھا مرا تنہا ہونا آتش و آب کا ممکن نہیں یکجا ہونا یہ شعر کیا ہے؟
(A) مطلع (B) حسنِ مطلع (C) مقطع (D) مطلع ثانی

13. مقطع کہا جاتا ہے۔
(A) ملنے کی جگہ کو (B) کاٹنے والے کو (C) ہم آواز لفظ کو (D) غزل کے آخری تخلص والے شعر کو

14. غزل میں قافیہ آتا ہے۔
(A) مقطع کے بعد (B) تشبیہ سے پہلے (C) ردیف سے پہلے (D) ردیف کے بعد

15. دین پر ہیں اُن کے گماں کیسے کیسے کلام آتے ہیں درمیاں کیسے کیسے ردیف کیا ہے؟
(A) گماں (B) درمیاں (C) کلام (D) کیسے کیسے

16. بارش کے بعد ------گھاس دل خوش کن ہے۔
(A) ہرا ہرا (B) ہری ہری (C) صاف صاف (D) تازہ تازہ

17. ڈاکٹر نے زخم پر مرہم------
(A) رکھی (B) لپیٹی (C) لگائی (D) لگایا

18. فروری گزر------سردی ابھی باقی ہے۔
(A) گئی (B) گیا (C) گئے (D) گا

19. تم نے خلیل پر کیچڑ کیوں------؟
(A) اُچھالا (B) اُچھالی (C) پھینکی (D) ڈالی

20. یہ ترازو کس نے------
(A) توڑا (B) توڑی (C) توڑے (D) توڑیں